2025-08-20

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کونین حیدر

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---------------------------------------------------------------

1- بھارت اور چین نے، براہِ راست پروازیں بحال کرنے، سرحد کے راستے تجارت پھر شروع کرنے اور امن برقرار رکھنے کے لیے مؤثر سرحدی بندوبست میں پیشرفت کے لیے ایک ورکنگ گروپ قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور چین کے درمیان مستحکم اور تعمیری تعلقات علاقائی اور عالمی امن و خوشحالی میں اہم رول ادا کریں گے۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج ماسکو میں، بھارت-روس بین حکومتی کمیشن کے 26 ویں اجلاس کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔

4- NDA کے امیدوار سی پی رادھا کرشنن آج نائب صدر کے عہدے کے چناؤ کے لیے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کریں گے۔

5- مہاراشٹر میں، بارش سے وابستہ واقعات میں گزشتہ 4 دن میں کم از کم 21 افراد کی موت ہوئی ہے۔ موسمیات محکمے نے گجرات، گوا اور مہاراشٹر کے بعض حصوں کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

6- اور Rashmika Sahgal نے قزاخستان میں 16 ویں ایشیائی نشانے بازی چیمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Chinese FM Visit

بھارت اور چین نے براہِ راست پروازیں جلد سے جلد پھر شروع کرنے اور فضائی خدمات سے متعلق نظرِ ثانی شدہ سمجھوتے کو حتمی شکل دینے سے اتفاق کیا ہے۔ نئی دلی میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور چین کے وزیر خارجہ Wang Yi کے درمیان باہمی بات چیت کے دوران یہ اتفاق رائے ہوا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ طرفین نے دو طرفہ، علاقائی اور مشترکہ مفاد کے عالمی امور پر میٹنگ کے دوران مثبت، تعمیری اور دور رَس نتائج کے حامل معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Adarsh

فریقین نے سرکاری سطح پر مختلف دو طرفہ مذاکرات کے طریقہئ کار اور تبادلے کے امکانات تلاش کرنے اور ان کی بحالی پر اتفاق کیا ہے۔

ان میں بھارت-چین سرحدی علاقوں میں امن و سکون برقرار رکھنے کی غرض سے موثر سرحدی بندوبست کے لیے، ایک ورکنگ گروپ کا قیام شامل ہے۔ معاہدے کے حصے کے طور پر عوام کے مابین تبادلے سے متعلق بھارت-چین اعلیٰ سطحی میکانزم کی تیسری میٹنگ اگلے سال بھارت میں ہوگی۔ دونوں فریقوں نے بھارت-چین سرحدی علاقوں میں حد بندی کے لیے، جلد نتائج حاصل کرنے کے امکانات تلاش کرنے کے لیے، ایک ماہر گروپ تشکیل دینے پر اتفاق کیا ہے۔

دونوں فریقوں نے سرحد پار ندیوں سے متعلق تعاون اپنے خیالات کا تبادلہ کیا اور سرحد پار ندیوں سے متعلق بھارت-چین ماہر سطح کے میکانزم کے رول کو مکمل طور پر بروئے کار لانے پر رضامندی ظاہر کی اور متعلقہ مفاہمتی قراردادوں کی تجدید کاری پر رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

بھارت اور چین نے اپنے یہاں سیاحوں، کاروباریوں، میڈیا اور دیگر لوگوں کے لیے ویزے سے متعلق سہولت فراہم کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ فریقین نے اگلے سال شروع ہونے والی کیلاش پربت اور چین کے خودمختار علاقے تبت میں واقع مانسروور یاترا کو جاری رکھنے اور اسے مزید بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ چین نے انسانی بنیاد پر ہنگامی حالات کے دوران پانی سے متعلق معلومات فراہم کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

تین نامزد تجارتی مقامات Lipulekh Pass، Shipki La Pass اور Nathu La Pass کے ذریعے سرحدی تجارت دوبارہ شروع ہوگی۔ وزارت خارجہ نے واضح کیا ہے کہ دونوں فرقیوں نے سرحدی علاقوں میں امن و سکون برقرار رکھنے کی اہمیت کا اعادہ کیا ہے تاکہ بھارت چین دوطرفہ تعلقات کو مجموعی طور پر فروغ دیا جا سکے۔

آدرش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

PM Wang YI

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور چین کے درمیان مستحکم اور تعمیری تعلقات علاقائی اور عالمی امن و خوشحالی میں نمایاں رول ادا کریں گے۔ وزیر اعظم نے بھارت-چین سرحد پر امن و استحکام برقرار رکھنے کی اہمیت پر بھی زور دیا اور سرحدی سوال کے منصفانہ، معقول اور باہمی طور پر قابلِ قبول حل کے تئیں بھارت کے عہد کو دوہرایا۔

جناب مودی نے کل نئی دلّی میں چین کے وزیر خارجہ Wang Yi کے ساتھ ملاقات کے بعد یہ بات کہی۔ چین کے وزیر خارجہ نے شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کے لیے وزیر اعظم کو چین کے صدر Xi Jinping کی طرف سے دعوت نامہ اور ایک پیغام بھی سپرد کیا۔ یہ سربراہ کانفرنس Tianjin میں ہونے والی ہے۔×

## Jaishankar Russia

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج ماسکو میں تجارتی، اقتصادی، سائنسی، تکنیکی اور ثقافتی اشتراک سے متعلق بھارت-روس بین حکومتی کمیشن کے 26 ویں اجلاس کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ ڈاکٹر جے شنکر بھارت-روس کاروباری فورم کی میٹنگ سے بھی خطاب کریں گے۔

وہ روس کے تین دن کے سرکاری دورے پر کل شام ماسکو پہنچے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر روس کے وزیر خارجہ  Sergey Lavrov سے بھی ملاقات کریں گے اور باہمی ایجنڈے کا جائزہ لیں گے اور علاقائی اور عالمی امور پر اپنا  نقطہئ نظر پیش کریں گے۔

وزیر خارجہ کے اس دورے کا مقصد طویل عرصے سے قائم وقت کی کسوٹی پر کھرے اترنے والے بھارت-روس خصوصی اور مراعات والے کلیدی تعلقات اور ساجھے داری کو مزید مستحکم بنانا ہے۔

جناب جے شنکر کے اس دورے سے قبل قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال بھی حال ہی میں ماسکو گئے تھے، جہاں انہوں نے روس کے صدر ولادیمیر پتن، اوّل نائب وزیر اعظم Manturov اور سلامتی کونسل کے سکریٹری Sergei Shoigu کے ساتھ تبادلہئ خیال کیا تھا۔×

## Cabinet

سرکار نے ایک ہزار 507 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے راجستھان کے Kota-Bundi میں گرین فیلڈ   ہوائی اڈے کی منظوری دی ہے۔ اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کل نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے مرکزی کابینہ کے فیصلوں کا اعلان کیا۔

S/B - 2100 Vaishanw Kota Airport

کابینہ نے 8 ہزار 307 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت سے اُڈیشہ میں 6 لَین والی راجدھانی خطّہ رِنگ روڈ کی تعمیر کی بھی منظوری دی ہے۔

اِدھر وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اُڈیشہ اور راجستھان سے متعلق کابینہ کے فیصلوں کے تناظر میں اِن دونوں ریاستوں کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔×

## NDA VP Nomination

نائب صدر کے عہدے کے چناؤ کے لیے قومی جمہوری اتحاد NDA کے امیدوار سی پی رادھا کرشنن آج اپنے  کاغذاتِ نامزدگی داخل کریں گے۔ اس موقع پر NDA کے سبھی لیڈر موجود رہیں گے۔ کل نئی دلّی میں NDA کی پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ کے دوران وزیر

اعظم نریندر مودی نے نائب صدر کے عہدے کے لیے NDA کے امیدوار سی پی رادھا کرشنن کا تعارف کرایا اور اُن کی عزّت افزائی کی۔

میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے بتایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے اپوزیشن کے ارکان سمیت سبھی ارکانِ پارلیمنٹ سے یہ اپیل کی ہے کہ وہ اتفاق رائے سے اُن کا انتخاب کریں۔

S/B - Kiren Rijiju

اِدھر اپوزیشن کے آئی این ڈی آئی اے بلاک نے نائب صدر کے عہدے کے چناؤ کے لیے سپریم کورٹ کے سابق جج بی سُدرشن ریڈّی کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔

نائب صدر کے عہدے کا چناؤ اگلے مہینے کی 9 تاریخ کو ہونا ہے اور کل نامزدگی پرچے داخل کرنے کا آخری دن ہے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال جمعے کو کی جائے گی، جبکہ اس مہینے کی25 تاریخ تک نام واپس لیے جا سکیں گے۔

یہ چناؤ جگدیپ دھنکھڑ کے استعفے کی وجہ سے کرایا جا رہا ہے، جنہوں نے خرابیٔ صحت کی وجوہات سے پچھلے مہینے استعفیٰ دے دیا تھا۔ نائب صدر کے عہدے کے لیے یہ 17 واں چناؤ ہوگا۔ نائب صدر کا انتخاب ایک الیکٹورل کالج کرتا ہے، جو لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے ارکان پر مشتمل ہوتا ہے۔×

PM Gaya Project

وزیر اعظم نریندر مودی اس مہینے کی 22 تاریخ کو بہار کے گیا ضلعے میں Aunta - Simaria پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے۔ اس پروجیکٹ میں دریائے گنگا پر تقریباً 2 کلو میٹر طویل پُل بھی شامل ہے، جس سے پٹنہ ضلعے میں Mokama اور بیگو سرائے کے درمیان سیدھا سڑک رابطہ فراہم ہو سکے گا۔

بھارت کی قومی شاہراہوں سے متعلق اتھارٹی کے ممبر اِنِل چودھری نے نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ یہ پُل 2 لَین والے پرانے ریل-روڈ برج ”راجیندر Setu“ کے متوازی تعمیر کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نئے پُل سے شمالی اور جنوبی بہار کے خطّوں کے درمیان ٹرکوں وغیرہ کے لیے سفر کرنے کی دوری 100 کلو میٹر تک کم ہو جائے گی۔ ×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Maha Rain

مہاراشٹر میں، بارش اور سیلاب سے وابستہ واقعات میں گزشتہ 4 دن میں کم از کم 21 افراد کی موت ہوئی ہے۔ ممبئی، تھانے، پال گھر، کونکن اور مہاراشٹر کے دیگر حصوں میں موسلا دھار بارش کا سلسلہ اب بھی جاری ہے۔

اکیلے Nanded ضلعے میں ہی 8 افراد کی موت ہوئی ہے، جو سیلاب سے بہت زیادہ متاثر ہوا ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق ممبئی میں تقریباً 300 ملی میٹر بارش ہوئی ہے، جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ اس کی وجہ سے شہر میں روزمرہ کی زندگی میں خلل پڑ گیا ہے۔ موسمیات محکمے نے آج وِدربھ خطّے کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

سلامتی کی وجوہات سے پونے اور ممبئی کے درمیان سبھی ریل گاڑیاں مزید احکامات جاری ہونے تک روک دی گئی ہیں۔

اُدھر تھانے اور رائے گڑھ ضلعوں میں آج اسکولوں اور کالجوں کے لیے چھٹی کا اعلان کیا گیا ہے۔

Mithi دریا کے خطرے کے نشان سے اوپر چلے جانے کے بعد تقریباً ساڑھے تین سو افراد کو بچا کر محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا ہے۔ اُدھر Modak Sagar Dam سرِ دست 98 فیصد تک بھر چکا ہے اور حکام نے وارننگ دی ہے کہ شدید بارش ہونے سے آج اس کا پانی کناروں سے باہر بہہ سکتا ہے۔ ×

## Mumbai Weather

ممبئی اور اُس کے آس پاس کے علاقوں میں لگاتار تیز بارش ہونے سے روزمرہ کی زندگی پھر سے درہم برہم ہوکر رہ گئی ہے۔ کئی علاقوں میں پانی بھر گیا ہے، جس سے ریل اور سڑک ٹریفک متاثر ہوا ہے۔ ہوائی جہازوں کی خدمات بھی متاثر ہوئی ہیں۔x

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Prathna

کَل شام مضافاتی ٹرین خدمات میں کچھ گھنٹوں کے لیے رکاوٹ پڑی لیکن بعد میں حالات بہتر ہونے کے بعد یہ بحال ہوگئیں۔ Monorail خدمات پر بھی اثر پڑا ہے۔ تیز بارش کے بعد اِن خدمات میں رکاوٹ پڑنے کے تناظر میں دو ایسے واقعات پیش آئے جن میں بچاؤ کارروائی کرنا پڑی۔ میٹھی دریا کے نزدیک رہنے والے تقریباً 500 افراد کو بچایا گیا ہے اور انھیں احتیاطی اقدام کے طور پر محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا ہے۔ Brihanmumbai میونسپل کارپوریشن BMC نے اسکولوں، کالجوں اور سرکاری دفاتر میں بھی چھٹی کا اعلان کیا ہے۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے، آج گجرات، گوا اور مہاراشٹر کے ساحلی علاقوں میں، انتہائی شدید بارش کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات محکمے نے اگلے دو

تین دن کے دوران جموں و کشمیر، اتراکھنڈ، ہماچل پردیش، اور مشرقی راجستھان میں بھی تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اگلے 7 دن کے دوران مدھیہ پردیش، سکّم، چھتیس گڑھ اور مغربی بنگال کے ہمالیائی ذیلی خطّے میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے نے دلّی قومی راجدھانی خطّے میں کل تک ہلکی سے لیکر بہت ہلکی بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ ×

## Pak Earth Quake

پاکستان میں آج صبح سویرے تین اعشاریہ سات کی شدت کا زلزلہ آیا۔ زلزلے کے جھٹکے اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور، سوات، چترال اور ایبٹ آباد میں محسوس کیے گئے۔ پاکستان کے محکمہ موسمیات کے زلزلے سے متعلق نیٹ ورک کے مطابق اس زلزلے کا مرکز افغانستان کے ہندو کُش علاقے میں 190 کلومیٹر کی گہرائی میں تھا۔ ابھی تک کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔x

## Asian Shooting Gold

قزاخستان کے شہر Shymkent میں جاری 16ویں ایشیائی نشانے بازی چیمپین شپ میں رشمیکا سہگل نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ مقابلے کے دوسرے دن یہ بھارت کا تیسرا انفرادی سونے کا تمغہ ہے۔ رشمیکا نے کل جونیئر خواتین کا ایئرپسٹل خطاب جیتا تھا۔

اس سے پہلے دن میں منوبھاکر نے خواتین کے دس میٹر ایئر پسٹل فائنل میں ایک اور انفرادی تمغہ جیتا اور تیسرے مقام پر رہیں۔x

## U20 Wrestling C'Ships

بلغاریہ کے شہر Samokov میں جاری 20 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کی عالمی کشتی چیمپین شپ میں بھارت کے Sumit Malik کو 57 کلوگرام کے زمرے میں چاندی کا تمغہ ملا۔ وہ روس کے پہلوان سے آٹھپانچ سے ہار گئے۔

خواتین کے زمرے میں 68 کلوگرام کے زمرے میں Srishti فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ اِدھر 57 کلوگرام کے زمرے میں Tapsya نے موجودہ چیمپین جاپان کی Sowaka Uchida کو چارتین سے ہراکر فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ لگاتار 14 مقابلوں میں جیت کے بعد بین الاقوامی ٹورنامنٹ میں جاپان کی پہلوان کی یہ پہلی شکست ہے۔x

## Saff U7

بھوٹان کے شہر Thimphu میں 17 سال تک کی عمر کی لڑکیوں کی SAFF چیمپین شپ 2025 میں بھارتی ٹیم آج اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔ بھارت کا پہلا میچ نیپال سے ہوگا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - کونین

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے چین کے وزیر خارجہ وانگ یی کے بھارت دورے سے متعلق خبروں کو اپنے پہلے صفحے کی شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے: ”ہند _ چین تعلقات میں اہم پیش رفت، کئی پابندیاں ختم“۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے: ”بی سدرشن ریڈی نائب صدر کے عہدے کے لیے اپوزیشن کے مشترکہ امیدوار“ اس خبر کو دیگر اردو اخبارات نے بھی اپنے صفحۂ اول پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیراعظم نریندر مودی سے خلا باز شوبھانشو شکلا کی ملاقات سے متعلق خبر کو پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے روس کے تین روزہ دورے سے متعلق خبر کو بھی اردو اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

راشٹریہ سہارا لکھتا ہے کہ ٹرین میں زیادہ وزن لے جانے پر جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ وہ جلد ہی پوسٹل بیلٹ نظام کو ختم کرنے کے لیے صدارتی حکم نامہ جاری کریں گے۔ اس خبر کو راشٹریہ سہارا نے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

اس کے علاوہ اردو اخبارات نے یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی کی طرف سے امریکی صدر کی تجویز کو مسترد کیے جانے کی خبر کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- بھارت اور چین نے، براہِ راست پروازیں بحال کرنے، سرحد کے راستے تجارت پھر شروع کرنے اور امن برقرار رکھنے کے لیے مؤثر سرحدی بندوبست میں پیشرفت کے لیے ایک ورکنگ گروپ قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور چین کے درمیان مستحکم اور تعمیری تعلقات علاقائی اور عالمی امن و خوشحالی میں اہم رول ادا کریں گے۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج ماسکو میں، بھارت-روس بین حکومتی کمیشن کے 26 ویں اجلاس کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔

4-     NDA کے امیدوار سی پی رادھا کرشنن آج نائب صدر کے عہدے کے چناؤ کے لیے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کریں گے۔

5-     مہاراشٹر میں، بارش سے وابستہ واقعات میں گزشتہ 4 دن میں کم از کم 21 افراد کی موت ہوئی ہے۔ موسمیات محکمے نے گجرات، گوا اور مہاراشٹر کے بعض حصوں کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

6-     اور Rashmika Sahgal نے قزاخستان میں 16 ویں ایشیائی نشانے بازی چیمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------